# حیدر علی اور عمید آصف بائیو سیکیور پروٹوکولز کی خلاف ورزی کرنے پر معطل

- حیدر علی دورہ انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز سے بھی باہر، صہیب مقصود بطور متبادل کھلاڑی اسکواڈ کا حصہ بن گئے

**ابوظہبی،24جون2021ء:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے لیے بنائے گئے بائیو سیکیور پروٹوکولز کی خلاف ورزی کرنے پر پشاور زلمی کے دو کھلاڑیوں، حیدر علی اور عمید آصف کو معطل کر دیا گیاہے۔ ان دونوں کھلاڑیوں کو آج ہونے والے ایونٹ کے فائنل میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔

دونوں کھلاڑیوں نے نہ صرف ببل کے باہر موجود افراد سے ملاقات کی بلکہ وہ ان افراد سے مقررہ سماجی فاصلہ برقرار رکھنے میں بھی ناکام رہے ۔ دونوں کھلاڑیوں نے لیگ کے مقررہ پروٹوکولز کی خلاف ورزی کا اعتراف کیا ہے۔

بدھ کے روز پیش آنے والے اس واقعہ پر ٹورنامنٹ کے کوویڈ19 منیجمنٹ پینل نے دونوں کھلاڑیوں کی معطلی سے متعلق فیصلہ جمعرات کو کیا۔ اس پینل میں بیرسٹر سلمان نصیر (پی سی بی، چیف آپریٹنگ آفیسر) اور بابر حامد (ڈائریکٹر – کمرشل پی سی بی، اور سربراہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 6) شامل ہیں۔

اس واقعے کے بعد یہ دونوں کرکٹرز اپنے اسکواڈ میں شامل کسی دوسرے رکن سے نہیں ملے اور اب یہ دونوں کرکٹرز روم آئسولیشن میں جاچکے ہیں۔

علاوہ ازیں، بائیو سیکیور ببل کی خلاف ورزی کرنے پر حیدر علی قومی کرکٹ ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز سے بھی باہر ہوگئے ہیں۔

چیف سلیکٹر محمد وسیم نے کپتان بابر اعظم اور ہیڈ کوچ مصباح الحق سے مشاورت کے بعد صہیب مقصود کو حیدر علی کے متبادل کی حیثیت سے اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔ صہیب مقصود اب دورہ انگلینڈ اور ویسٹ انڈیز میں حیدر علی کی جگہ قومی اسکواڈ کا حصہ ہوں گے۔

صہیب مقصود ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے 11 میچز میں اب تک 363 رنز بنا چکے ہیں۔ اس دوران ان کے رنز بنانے کی اوسط 40.33 اور اسٹرائیک 153 کے قریب رہا۔

صہیب مقصود اس سے قبل 26 ون ڈے اور 20 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز میں پاکستان کی نمائندگی کرچکے ہیں۔ انہوں نے آخری مرتبہ 2016 میں پاکستان کی نمائندگی کی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4